Rampur State Gazette.
EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۴ {مطبوعہ روز چہارشنبہ تاریخ ۱۲ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۲ھ مطابق یکم نومبر سنہ ۱۹۳۳ء} جلد ۲۵

گزٹ غیر معمولی

روبکار اجلاس ہمایون بندگان اعلیحضرت علیین مرتبت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

مسلکہ "ترمیم قانون فوجداری" مرتبہ منسٹر صاحبان بہادر، ما بدولت و اقبال کے حضور میں پیش ہے جس کی منظوری دیجاتی ہے۔ کل بسبح غیر معمولی گزٹ میں شائع کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

مرممہ قانون فوجداری

تمہید :- چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعض جرائم کے انسداد کیلئے احکام جاری کئے جائیں لہٰذا حسب ذیل "مرممہ قانون فوجداری" جاری کیا جاتا ہے

نام و وسعت و میعاد اور تاریخ نفاذ :-

دفعہ ۱ (۱) یہ قانون "مرممہ قانون فوجداری" کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) اس قانون کا نفاذ و عملدرآمد کل حدود ریاست رامپور میں تاریخ منظوری اجلاس ہمایوں سے ہوگا۔

(۳) تاریخ منظوری سے تین سال تک اس قانون کا نفاذ رہے گا۔

جرائم کو قابل ضمانت و قابل دست اندازی پولیس قرار دینے کا گورنمنٹ کو اختیار :-

دفعہ ۲ (۱) گورنمنٹ رامپور بذریعہ اطلاع مطبوعہ گزٹ سرکاری اُن شرائط کے ساتھ کہ جن کو وہ مناسب خیال کرے، اعلان کرسکتی ہے کہ جرائم زیر دفعات ۱۸۶ - ۱۸۸ - ۱۸۹ - ۱۹۰ - ۲۲۸ - ۵۰۵ - ۵۰۶ - ۵۰۷ - ۵۰۸ تعزیرات رامپور اور دفعہ ۱۷۰ ضابطہ فوجداری جب وہ کسی ایسے مخصوص رقبہ میں سرزد ہوں جن کا اعلان اطلاع میں کر دیا گیا ہو تو وہ باوجود احکام ضابطہ فوجداری قابل دست اندازی پولیس ہونگے۔ اور ایسی صورت میں ملزم کو پولیس بغیر حصول وارنٹ گرفتار کرلینے کا مجاز ہوگا۔ اور جب تک یہ اعلان نافذ رہے اسوقت تک ضابطہ فوجداری اس حد تک ترمیم شدہ خیال کیا جائے گا

(۲) گورنمنٹ رامپور اسی طرح اور انہیں شرائط سے جرائم زیر دفعات ۱۸۸ - ۵۰۶ تعزیرات رامپور کو ناقابل ضمانت قرار دے سکتی ہے۔

(۳) دفعات مذکورۂ بالا کے ارتکاب جرائم کی صورت میں ملزم سزائے قید محض یا سخت، یا جرمانہ، یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔

ضابطہ جرائم زیر قانون ہذا :-

دفعہ ۳ :- باوجود احکام مندرجہ ضابطہ فوجداری کے :-

(۱) کوئی عدالت جو چیف مجسٹریٹ یا مجسٹریٹ درجہ اول سے کم ہو اس قانون کے کسی جرم کی سماعت نہ کرے گی۔

(۲) جرائم تحت قانون ہذا قابل دست اندازی پولیس ہونگے

اجازت مقدمہ :- **دفعہ ۴** کوئی مقدمہ تحت قانون ہذا اسوقت تک عدالت میں پیش نہ کیا جائیگا جبتک کہ اسکے دائر کئے جانیکی منظوری منسٹر انچارج محکمہ پولیس سے حاصل نہ کرلی گئی ہو۔

(دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)